میاں بیوی کا روزہ کی حالت میں ایک دوسرے کو چھونا

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-2471

تاریخ اجراء: 10 شعبان المعظم 1445ھ/21 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا میاں بیوی دورانِ روزہ ایک دوسرے کو چھو سکتے ہیں؟ اس سے اگر شہوت آجائے، تو روزہ ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

روزے کی حالت میں میاں بیوی کا ایک دوسرے کے بدن کو چھونا مکروہ ہے، جب کہ اندیشہ ہو کہ انزال ہو جائے گا (یعنی منی شہوت کے ساتھ جدا ہو کر نکل جائے گی) یا جماع میں مبتلا ہو جائیں گے اور صرف شہوت آنے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، ہاں اگر بیوی سے بوس و کنار وغیرہ کرنے یا چھونے سے انزال ہو گیا (یعنی منی شہوت کے ساتھ جدا ہو کر نکل گئی) تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

در مختار میں ہے" (و) کرہ (قبلة) ومس ومعانقة۔۔۔ (إن لم یأمن) المفسد "ترجمہ: روزے دار کے لئے بوسہ لینا، بدن چھونا اور معانقہ کرنا مکروہ ہے جبکہ روزہ توڑنے والی چیز سے امن نہ ہو۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے" (قوله: إن لم یأمن المفسد) أي الإنزال أو الجماع إمداد "ترجمہ: (مصنف کا قول: روزہ توڑنے والی چیز سے امن نہ ہو) یعنی انزال و جماع سے، امداد۔ (رد المحتار علی الدر المختار، کتاب الصوم، ج 2، ص 417، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "عورت کا بوسہ لینا اور گلے لگانا اور بدن چھونا مکروہ ہے، جب کہ یہ اندیشہ ہو کہ انزال ہو جائے گا یا جماع میں مبتلا ہو گا۔ (بہار شریعت، ج 1، حصہ 5، ص 997، مکتبۃ المدینہ)

محیط برہانی میں ہے" في «البقالي»: مس الصائم امرأته، وأمذى لا یفسد صومه "ترجمہ: بقالی میں ہے کہ روزہ دار نے اپنی بیوی کو چھوا، جس سے صرف اس کی مذی نکلی تو اس کا روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (محیط برہانی، کتاب الصوم، ج 2، ص 386، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فتاوی ہندیہ میں ہے ”وإذا قبل امرأته، وأنزل فسد صومه۔۔۔والمس والمباشرة والمصافحة والمعانقة کالقبلة، کذافي البحر الرائق “ترجمہ: آدمی نے اپنی بیوی کا بوسہ لیا اور اسے انزال ہو گیا تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا، اور چھونے، مباشرت، مصافحے اور معانقے کا وہی حکم ہے جو بوسہ لینے کا ہے۔(فتاوی ہندیة، کتاب الصوم، ج1، ص204، دار الفکر، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net